LESSON TRANSCRIPT

Advanced Audio Blog S1 #1
Top 10 Holidays and Festivals in Pakistan: The Birthday of Nabi

#1

innovativeLANGUAGE.COM
COPYRIGHT © 2018 INNOVATIVE LANGUAGE LEARNING. ALL RIGHTS RESERVED.

عید میلاد النبی اسلامی کیلنڈر کے تیسرے مہینے 12 ربیع الاول کو منائی جاتی ہے۔

اس کا مطلب ہے کہ یہ تاریخ شمسی کیلنڈر کے حساب سے مختلف تاریخوں میں پڑتی ہے۔

بہت سے مسلم ممالک میں اس دن سرکاری چھٹی ہوتی ہے جیسے کہ پاکستان اور وہ ممالک جہاں مسلم آبادی بہت بڑی ہے۔

اس دن نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کو اعزاز بخشا جاتا ہے۔

پاکستان دنیا کے ان مسلم ممالک میں سے ایک ہے جہاں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حمد و ثنا بیان کرنے کے لئے عید ملاد النبی بڑے پیمانے پر منائی جاتی ہے۔

پاکستان کا قومی پرچم سبھی سرکاری عمارتوں پر لہرایا جاتا ہے، دارالحکومت اسلام آباد میں صبح 31 بندوقوں کی سلامی دی جاتی ہے۔

صوبائی دارالحکومتوں میں اسی وقت 21 بندوقوں کی سلامی دی جاتی ہے۔

پاکستان میں سرکاری اور نجی دونوں عمارتیں روشنی سے منور ہوتی ہیں۔

اس مہینے کی گیارہ اور بارہ تاریخوں کو سیکولر فلمیں دکھانے کے بجائے، سنیما ہال مذہبی فلمیں دکھاتے ہیں۔

لاہور کے مینار پاکستان میں گیارہ کی رات سے لیکر بارہ تک میلاد النبی کے لئے دنیا کا سب سے بڑا اجتماع ہوتا ہے۔

اس اجتماع میں سینکڑوں لوگ شامل ہوتے ہیں جہاں نبی کریم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی عقیدت میں کچھ لوگ بہت پرجوش ہو جاتے ہیں۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی عقیدت میں نعت اور حمد و ثناء گائی جاتی ہیں اور نظمیں پڑھی جاتی ہیں۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے بارے میں خاص طور سے کچھ مخصوص عبارتیں بھی پڑھی جاتی ہیں۔

دیگر ممالک میں جہاں عید میلاد النبی منائی جاتی ہے تقریبات مختلف طرح کی ہو سکتی ہیں۔

مثلا، ایسا لگتا ہے کہ انڈونیشیا میں عید الفطر اور عید الاضحی کے مقابلے اس مبارک دن کو زیادہ اہمیت دی جاتی ہے، جو کہ اسلام کی دو سرکاری چھٹیاں ہیں۔

تاہم کچھ مسلمانوں کے لئے عید میلاد النبی کا جشن مقدس حرمتی کا سامان بن کر رہ گیا ہے کہ وہ مذہب سے زیادہ ثقافت کو اہمیت دیتے ہیں۔